یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، لاہور۔

نوٹس داخلہ

یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز (UVAS)، راوی کیمپس پتوکی اوراس سے الحاق شدہ اداروں میں درج ذیل ڈپلومہ کورسز کیلئے امیدواروں سے مجوزہ فارم پر درخواستیں مطلوب ہیں۔

دوسالہ لائیوسٹاک اسسٹنٹ ڈپلومہ کورس سیشن 2019-21

UVAS کے ذیلی ادارے	UVAS سے الحاق شدہ سرکاری ادارے
ادارہ فروغ تعلیم وتوسیع ڈی بلاک UVAS راوی کیمپس پتوکی (صبح) (شام)	لائیوسٹاک سروسز ٹریننگ سنٹر، بہادر نگر۔اوکاڑہ
کالج آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، جھنگ۔ CVAS	لائیوسٹاک سروسز ٹریننگ سنٹر، شیخوپورہ
پیرا ویٹرنری انسٹیٹیوٹ، کروڑلعل عیسن، لیہ (صبح) (شام)	بارانی لائیوسٹاک پروڈکشن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، کھیری مورت، اٹک
خان بہادر چوہدری مشتاق احمد کالج آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز نارووال	گورنمنٹ لائیوسٹاک پیراویٹ سکول، رکھ غلاماں، بھکر
	گورنمنٹ لائیوسٹاک پیراویٹ سکول، ہارون آباد، بہاولنگر

داخلہ کی شرائط:

۱۔ میٹرک (سائنس) مجموعی طور پر% 45 نمبر (فزکس، کیمسٹری، بیالوجی) ہونے چاہیں۔

۲۔ عمر بوقت داخلہ 22 سال سے زیادہ نہ ہو۔

۳۔ داخلہ پنجاب سے اوپن میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔

۴۔ مندرجہ ذیل اسناد کی تصدیق شدہ کاپی بمعہ 2 عدد پاسپورٹ سائز فوٹو درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

(I) میٹرک سرٹیفکیٹ (II) ڈومیسائل (III) قومی شناختی کارڈ یا ب فارم

داخلہ فارم وپراسپیکٹس مبلغ -/350 روپے ادا کر کے دفتری اوقات میں ڈائریکٹر، ادارہ فروغ تعلیم وتوسیع ،UVAS، راوی کیمپس پتوکی (ڈی بلاک نزد بغلور یسرچ انسٹیٹیوٹ) اور تمام اداروں سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

داخلہ فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.uvas.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے درخواست فارم کی فوٹو کاپی بھی قابل قبول ہوگی اس صورت میں مبلغ -/350 روپے یونیورسٹی (UVAS,ICE&E) کے اکاؤنٹ نمبر 01277900359401 HBL Civil lines, Lahore میں بذریعہ آن لائن کروا کر اصل رسید فارم کے ساتھ منسلک کریں بصورت دیگر داخلہ فارم ناقابل قبول ہوگا۔

۵۔ پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز سے میٹرک پاس امیدواران داخلہ فارم جمع کروانے کے اہل ہوں گے۔

۶۔ درخواست برائے داخلہ ادارہ فروغ تعلیم وتوسیع، UVAS، راوی کیمپس پتوکی یا متعلقہ ادارہ میں مورخہ 26-08-2019 تک جمع کروائی جاسکتی ہے۔نامکمل یا مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہ ہوگا۔

۷۔ پہلی میرٹ لسٹ مورخہ 10.09.2019 دوسری میرٹ لسٹ 17.09.2019 تیسری میرٹ لسٹ 24.09.2019 کو متعلقہ اداروں کے نوٹس بورڈ اور یونیورسٹی ویب سائٹ پر لگادی جائے گی۔

۸۔ تمام اداروں میں کلاسز کا آغاز مورخہ 01.10.2019 سے ہوگا۔

۹۔ طلباء کی رہائش کے لیے متعلقہ سنٹروں میں محدود نشستیں متعلقہ ادارے کے قوانین کے مطابق دستیاب ہونگی۔

۱۰۔ ایک سے زیادہ سنٹروں میں درخواست فارم جمع کرانے والے امیدوار ہر سنٹر کیلئے الگ الگ درخواست فارم جمع کروائیں۔ ہر سنٹر کا میرٹ علیحدہ بنایا جائے گا۔

۱۱۔ داخلہ ہونے کی صورت میں دوسرے سنٹر میں مائیگریشن نہیں ہوگی۔

معلومات کیلئے مندرجہ ذیل فون پر رابطہ کر سکتے ہیں: 049-4427040,049-4427028,0301-4684623

ڈائریکٹر ،ادارہ فروغ تعلیم وتوسیع یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، راوی کیمپس، ڈی بلاک، پتوکی